NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON NATIONAL FOOD SECURITY AND RESEARCH ON "THE ISLAMABAD BEE-KEEPING AND HONEY BOARD BILL, 2021"

I, Chairman of the Standing Committee on National Food Security and Research, have the honor to present this report on the Bill further to amend ["The Islamabad Bee-Keeping and Honey Board Bill, 2021"] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 23rd February, 2021.

2. The Committee comprises the following: -

1.	**Rao Muhammad Ajmal Khan**	**Chairman**
2.	Mr. Shaukat Ali	Member
3.	Mr. Rai Muhammad Murtaza Iqbal	Member
4.	Mr. Zahoor Hussain Qureshi	Member
5.	Mr. Ahmed Hussain Deharr	Member
6.	Makhdoom Zain Hussain Qureshi	Member
7.	Mr. Muhammad Ibrahim Khan	Member
8.	Mian Muhammad Shafiq	Member
9.	Syed Mobeen Ahmed	Member
10.	Sardar Muhammad Jaffar Khan Leghari	Member
11.	Sardar Riaz Mehmood Khan Mazari	Member
12.	Dr. Nausheen Hamid	Member
13.	Mr. Ahmad Raza Maneka	Member
14.	Chaudhary Muhammad Ashraf	Member
15.	Choudhary Faqir Ahmad	Member
16.	Mr. Riaz ul Haq	Member
17.	Syed Javed Ali Shah Jillani	Member
18.	Syed Ayaz Ali Shah Sheerazi	Member
19.	Mr. Kamal Ud-din	Member
20.	Mr. Zulfiqar Bachani	Member
21.	Syed Fakhar Imam Minister for National Food Security and Research	Ex-Officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on 15th March, 12th April, 7th June, and 11th October, 2021. The Committee unanimously recommended that the Bill, as introduced may be passed by the National Assembly.

Sd/-
(Rao Muhammad Ajmal Khan)
Chairman

Sd/-
(Tahir Hussain)
Secretary
Islamabad the 19th November, 2021

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

Bill

for proper regulation of honeybees and beekeeping and safe production of honey

WHEREAS it is expedient to provide for the regulation of honeybees and beekeeping; to protect the health of honey bees from pests and diseases and to ensure the compliance upon standard requirements of safe production of honey in the territorial limits of Islamabad Capital Territory and for matters ancillary thereto,

WHEREAS it is expedient to form an autonomous Bee-keeping Development Board to oversee the development of bee-keeping in ICT.

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title, extent and commencement.-** (1) This Act shall be called Islamabad Bee-keeping and Honey Board Act 2021.

(2) It extends to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.-** In this Act unless anything is repugnant to the subject or content,-

(a) "Board" means "Islamabad Bee-keeping and Honey Board"

(b) "Managing Committee" means the Managing Committee of the Board constituted as per the rules made under this act.

(c) "Member" means a member of the Board.

(d) "Chairman" means Chairman of the Board.

(e) "Vice-Chairman" means Vice-Chairman of the Board

(f) "Executive Director" means Executive Director of the Board and includes any person appointed and authorized to perform the duties of the Executive Director.

(g) "Member" Secretary means the Member Secretary of Managing Committee and the Board.

(h) "Year" means the Financial Year i.e. July to June.

(i) "Founder Member" means the members for the life and who are the signatories to the Memorandum of Association of the Board. Founder Members could be a corporate body or a society or an Association of persons, or a partnership firm, or an individual.

(j) "By-laws" mean any by-laws which may be made by the Managing Committee from time to time in exercise of the powers under the Rules.

(k) "NARC" means National Agricultural and Research Council'.

(l) "ICT" means Islamabad Capital Territory.

3. Board and its Committees.- The Board shall have a Managing Committee and such other committee(s) or sub-committee(s) as may be decided by the Managing Committee of the Board from time to time.

4. Membership of the Board.- (1) The Board shall comprise of –

(a) **Secretary,** Ministry of National Food Security & Research, shall be the **ex-officio Chairman** of the Board;

(b) **Additional Secretary**, Ministry of National Food Security & Research, shall be the **ex-officio Vice-Chairman** of the Board;

(c) **An Officer not below the rank of Joint Secretary**, in NARC, to be the **ex-officio Member Secretary** of the Board;

(d) **All Members** who shall be registered Life Members of the following categories:

(i) Founder Members;

(ii) Corporate Members;

(iii) Beekeeping and Honey Societies;

(iv) Individual Bee-Keepers;

(v) Apiculture Scientists and Development Workers;

(vi) Bee-keeping Equipment Manufacturers, Wholesalers/ Traders and Packers of Bee products;

(vii) Honorary Members from any related discipline i.e. Bee-keeping, finance or legal experts.

(2) **Executive Director** of the Board who shall be a person appointed and authorized to perform the duties of the post.

(3) Founder Member and Corporate Member shall pay their subscription at the prescribed rates as decided by the Managing Committee.

(4) Members of the other categories shall pay an annual subscription as decided by the Managing Committee of the Board from time to time.

(5) The subscription shall be payable by the different categories of members before the expiry of the financial year. Subscription for full year will be chargeable if the member acquires membership in the first half of the financial year. However, half of the yearly subscription will be charge able if the member acquires membership in the second half of the financial year.

(6) Honorary Members shall be exempted from the payment of subscription.

(7) A Member shall cease to be member in the event of any of the following:

(a) Member resigning his membership and his resignation being accepted by the Managing Committee.

(b) Member's failure to pay yearly subscription for two consecutive years.

(c) In a general body, the Board finding by a Two Third majority vote that the continuance of the member is against the interests of the Board.

(d) On his death, incapacitation, insolvency or conviction for an offence involving moral turpitude.

5. Functions of the Board.-(1) The board shall perform the following functions:

(i) To organize and promote bee keeping, honey and other bee products industry in the ICT.

(ii) To promote and regulate domestic and export market of honey and other allied products.

(iii) To maintain close liaison with Government bodies to advise them on issues concerned with beekeepers.

(iv) To seek Government assistance to promote its objectives and organize suitable training.

(v) To advise Government, farmers, and industry on matters relating to trading of bee products and development of bee keeping.

(vi) To assist beekeepers (existing and new) in raising their apiaries for which subsidies, grants, soft loans etc. shall be obtained from different Government/Semi Government and private organizations and disbursed.

(vii) To undertake programmes and projects for promotion of beekeeping for production of honey and other bee products and to increase productivity.

(viii) To promote efforts to increase productivity of crops through planned pollination.

(ix) To promote the role of honeybees as pollinators for increasing crop productivity.

(x) To promote cooperative and collective efforts among beekeepers.

(xi) To promote remunerative returns to beekeepers by planning schemes for their assistance in consultation with them.

(xii) To establish and manage training and research institutions for providing general and specialized training.

(xiii) To undertake, assist or encourage scientific, technological and economic research in beekeeping and bee product technology, including improvement of processing, quality, and techniques for grading and packaging of bee products.

(xiv) To encourage increase in consumption of bee products and carry on generic propaganda for that purpose.

(xv) To assist/guide regarding facilities for migratory bee keeping.

(xvi) To collect statistics with regard to beekeeping and bee products and publication therefore as information Centre.

(xvii) To educate beekeepers for maintaining international requirements of sanitary and phytosanitary standards, advice on quality of bee products for

export and domestic market, and to grant certificates/license, subject to such conditions as may be prescribed.

(xviii) To develop, promote and regulate trade of honey and other bee products.

(xix) To coordinate the trade promotion activities of its constituent members and grant certificates/licenses, as prescribed.

(xx) To assist in establishment of appropriate transport, warehousing/storage facilities in ICT and abroad.

(xxi) To assist/run modern inspection and testing laboratories.

(xxii) To keep under review the controls on the trading of honey and to recommend to the Government regarding those controls that the Board may consider appropriate.

(xxiii) To provide common services for the benefit of traders and trading organizations and to act as a forum of trade promotion of bee products, as a self-regulatory organization.

(xxiv) To grant awards to persons and institutions for outstanding contributions in the furtherance of the objects of the Board.

(xxv) To receive subscriptions and to accept grant of money, securities, endowments and property of any kind from Federal Government and other public or private organizations and individuals, as contributions towards the Corpus fund or any other Fund of the Board.

(xxvi) To acquire by gift, purchase, exchange, lease, hire or otherwise howsoever any property movable or immovable which may be necessary or convenient for the purpose of the Board and to build, construct, improve, after, demolish and repair such buildings, work sand constructions as may be necessary for carrying out the objects of the Board.

(xxvii) To sell, lease, exchange, and hire on otherwise transfer all or any portions of the property, movable and immovable of the Board and to give loans, grants and donations in furtherance of the objects of the Board.

(xxviii) To invest and deal with any money and securities of the Board not immediately required for any of its activities in such manner as may be provided by the rules and regulations of the Board as may be determined from time to time.

(xxix) To create Reserve Fund, Insurance Fund, Provident fund or any other special fund, whether for depreciation or for repairs, improving, extending or maintaining any of the properties or rights of the Board and/or for recoupment of wasting assets and/or benefits of the employees and for any other purpose for which the Board deems it expedient or proper to create or maintain any such fund or funds.

(xxx) To borrow and raise moneys with or without security or on the security of a mortgage charge, or pledge of all or any of the movable or immovable properties belonging to the Board or in any other manner whatsoever.

(xxxi) To create administrative, technical, clerical and other posts under the Board and to make appointments there to in accordance with the rules and regulations of the Board.

(xxxii) To provide for different classes of members and to prescribe their respective obligations, rights and privileges.

(xxxiii) To make Rules and Regulations and by-laws for the conduct of the affairs of the Board and to add, to amend, vary or rescind them or any part of them from time to time.

(xxxiv) To do all such other acts and things either alone or in conjunction with other organizations or persons as the Board may consider necessary, incidental or conductive to attainment of the above said objectives.

(xxxv) To work in close cooperation and coordination with local and rural Industries/Societies for promoting bee-keeping activities in ICT.

(xxxvi) To promote and assist cooperative and other types of community based organizations for development of bee-keeping activities in ICT.

(xxxvii) To assist/run modern research, inspection, testing and quality control laboratories.

(xxxviii)Identification of suitable bee species in each bee keeping regions.

(xxxix) Identification and registration of colony producers and imparting training to them for developing bee nurseries.

(xl) Registration of bee keepers and bee-keeper organizations.

(xli) To act as an appraisal agency for appraising the Annual Action Plan/Schemes/Projects to be implemented by the Federal Government,

International Agencies, private sector and other agencies/Organizations for development of Bee keeping industry in ICT . The funds will be channelized through Board to Implementing Agencies/Federal Government for proper monitoring and utilization of funds.

(xlii) To frame any such rule that is required to promote bee keeping activities in ICT.

(2) The income and property of the Board howsoever derived, shall be applied to the promotion of the aims and objects thereof and no portion of it shall be paid or transferred directly or indirectly by way of dividend, bonus or otherwise by way of profit to the members of the society provided that nothing herein shall prevent the payment in good faith of honorarium or remuneration to any member of the Board or other persons in return for any service rendered to the Board or for traveling allowance, halting allowance and other similar charges. No member of the Society shall have any personal claim on any moveable or immovable properties of the Society or make any profit, whatsoever by virtue of his Membership.

6. **Managing Committee.**-(1) The Managing Committee shall consist of the following members apart from the Executive Director who will be ex-officio Member of the Managing Committee. The Committee shall comprise of the following:

(i) Additional Secretary, Ministry of National Food Security & Research who shall be the ex-officio Chairman of the Managing Committee and Vice-Chairman of the Board.

(ii) Director General or an officer not below the rank of grade 20, National Agricultural Research Council.

(iii) A representative, not below the rank of grade- 20 out of any of the Horticulture departments of public sector universities.

(iv) Managing Director, to be appointed by the government through Public Service Commission recruitment process.

(v) Assistant Director General, to be appointed by the government through Public Service Commission recruitment process.

(vi) Two other Members to be nominated by the Government.

(vii) Eight members to be elected from among the Registered Members of the Board/Society.

(2) **Elected Members of the Managing Committee.-**

(a) Two Members from Founder and Corporate Members – Under this category where two Members are to be elected, all voters under this category will cast one vote and accordingly the recipients of the highest number of votes and second highest will be declared elected subject to at least one from Founder Members.

(b) One Member – from Beekeeping and Honey Societies in Pakistan.

(c) Four Members – from individual beekeepers and Scientists & Development Workers in the country.

(d) One Member – One Member from bee-equipment manufacturers and wholesalers/traders/packers of bee products.

7. **Functions.-** The Managing Committee shall exercise the following functions:

(i) to admit Members and to fix the rates of subscription from time to time.

(ii) to approve the Budget of the Board.

(iii) to execute and implement such other administrative matters as delegated by the General Body of the Board.

(iv) laying down the Rules, Regulations and Procedures for the registration of Bee-keepers, packers, traders, processing units and exporters of bee products with the Board.

(v) appointment of Executive Director on such terms and conditions as it may deem fit.

(vi) appointment of such other officers and employees as it considers appropriate to assist the Board/Managing Committee for discharge of their duties.

(vii) appoint such other committee(s) or subcommittee(s) for undertaking specific jobs connected with its functions and appoint members including Chairman on such Committee(s).

(viii) take policy decisions for the furtherance of the objects of the Board.

(ix) to delegate specific powers to the **Executive Director / Member Secretary** for the day today functioning of the Board.

(x) to authorize persons to sign cheque, receipts, contracts and all other legal and related documents on behalf of the Board.

8. Terms of Office of Members of the Managing Committee.-(1) Elected members of the Managing Committee shall hold office for a period of 3 years.

Provided that a member appointed under Rule 4.1 shall cease to be a member of the Managing Committee if he ceases:

(a) to hold the office by virtue of which he was appointed / nominated; or

(b) to represent the category from which he was elected / appointed / nominated

(c) a member elected or appointed or nominated to fill a casual vacancy shall hold office only so long as the member whose place he fills would have been entitled to hold office if the vacancy had not occurred.

(2) The Managing Committee of the Board shall meet at least four times every year. The date, place and time for Managing Committee meetings shall be fixed by the Chairman or by the Member Secretary with the approval of the Chairman and in his absence the Vice-Chairman.

(3) The **quorum** of the Managing Committee meetings shall be 5 (five) Members, present in person.

(4) The Members of the Managing Committee shall serve without compensation but may be reimbursed for necessary and reasonable expenses incurred in performing their duties as members of the Managing Committee as may be approved by the Board. Normally all traveling, boarding and lodging and other expenses incurred in attending Managing Committee Meetings or other meetings shall be borne by the respective organizations/individuals except

Honorary Members and/or experts specially called by the Managing Committee or any other Committee(s) or Sub-Committee(s) as special invitees.

9. **General Body.-** All the Members of different categories who have been admitted to the Membership of the Board and have not been disqualified as a Member shall be the members of the General Body of the Board.

10. **Functions of the Body.-** The General Body is required to meet at least once in every calendar year at such a time so that the gap is not more than eighteen months after the holding of the preceding Annual General Meeting.

11. **Chairman.-** (1) Secretary, Ministry of National Food Security & Research shall be ex-Officio Chairman of the Board. The Chairman, in addition to presiding over the meeting of the Board, will exercise and discharge such powers and duties of the Board as may be delegated to him by the Board and such other powers and duties as may be prescribed

12. Vice Chairman.- (1) Additional Secretary, Ministry of National Food Security & Research shall be the ex-Officio Vice-Chairman of the Board.

(2) The Vice-Chairman, in the absence of the Chairman, will preside over the meetings of the Board and will exercise and discharge such powers and duties of the Board as may be delegated to him by the Board or the Chairman of the Board.

13. Finance, Accounts and Annual Reports.-FUNDS (1) The Board will have following sources of finance:

(i) Corpus Fund, to be created by the contributions/grants/endowments received from the Federal Governments or Local Bodies of ICT.

(ii) Membership subscription.

(iii) Fee for registration of bee-keepers / packers/ traders.

(iv) Fee levied and collected in respect of certificates granted to the bee-keepers/packers/exporters.

(vii) Fee for testing quality of honey in the laboratories of the Board.

(viii) Any collection in the form of a "Cess", which may be notified by the Federal Government to be levied and collected for the purpose of the "National Bee Board".

(ix) Any other source of funds in furtherance of the aims and objects of the Board.

(2) All funds of the Board, except such as may be required for current expenditure, shall be deposited in accounts opened with such scheduled banks as may be approved by the Managing Committee.

(3) The Executive Director of the Society shall ensure that the books of accounts and funds of the Board are maintained and kept as per the prescribed Rules and Regulations applicable to the Board under this Act and decisions of the Board and the Managing Committee.

(4) The Executive Director shall at the end of every year prepare the accounts of the Board and shall arrange to have them audited by the Auditors appointed by the Board.

14. Formulation of By-Laws and Regulations of the Board.- The Managing Committee shall have the powers to make by-laws to facilitate the conduct of the affairs of the Board especially for the regulation of matters not covered by the above rules.

15. General Body Meeting.- (1) General Body Meeting of the Board shall be held every year and this will be called Annual General Meeting.

(2) The main business of the Annual General Meeting shall be:

(a) To consider and approve the annual report and statement of accounts.

(b) To elect elective members of the Managing Committee.

(c) To appoint auditors and fix their remuneration.

(d) To consider and approve the budget estimates for the next financial year.

(e) Any other business with the permission of the Chairman.

(3) Honorary Members can attend Annual/Extra-ordinary Special General Meetings.

(4) The General Body shall transact all business by a majority vote. The Chairman shall have and shall exercise a second or a casting vote if need be.

16. Common Seal.-The Managing Committee shall provide a Common Seal of the Board which will remain in the safe custody of the Executive Director and

shall never be affixed to any document except in the presence of the Chairman or Vice-Chairman or Member Secretary or in pursuance of a resolution the Managing Committee to this effect.

17. Execution of Deeds.- All deeds, bonds and other documents and contracts made on behalf of the Board under common seal and signed by the Chairman or Vice-Chairman or **Member Secretary** or Executive Director or other person specifically authorized by the Managing Committee shall be deemed to have been duly executed.

18. Liability of the Members.- No member of the Managing Committee or officer or auditor employed by the Board shall personally answerable or liable for an loss arising in course of discharging their duties and responsibilities and he / she shall be indemnified unless such loss is caused by willful negligence or default or breach of trust on his / her part.

19. Amendments.- The Board shall make any kind of amendment in any provision of this act or rules made there under through the consent of its majority.

STATEMNET OF OBJECTS AND REASONS

Honey Production is a very useful business in Pakistan. Honey production and beekeeping are environmentally friendly practices. These non-framing business activities have the potential to provide a wide range of economic contributions. Additional benefits from beekeeping are associated with the purely biological nature of bee activities, such as plants pollination and conservation of nature flora. With the expansion of beekeeping industry several persons are getting self-employment as commercial beekeepers, for their livelihoods. Other than honey, products of the hive can enhance the income of beekeepers because processing of these products are comparatively higher than honey Royal Jelly Rs.30,000/-per kg, Pollen Rs.2000/-kg Propolis Rs.1000/-kg, and beeswax Rs.1100/-kg in international market. Four species of honeybees are found in Pakistan. Three are indigenous and one is imported and established in Pakistan. The indigenous species are *Apisdorsata*, *Apiscerana*, and *Apisflorea*. The occidental species is *Apismellifera.*

Pakistani Honey standards are not yet in the position to export in the European Markets because of their strict standards of food safety. Many independent organizations are working to improve their standards (HACCP, ISO, etc Certifications) to export where food safety regulation are very strict but

Pakistan is far behind to those standards. Pakistani exporters mostly rely on Middle East Market but its share is small.

Besides other areas in provinces of our country which are considered to be the most potential ones for the production of honey, Islamabad too needs to be provided for placement of honeybee colonies of Acacia (phauli), Granda, Bhaikar etc. at the Margalla Hills. There is a need to regulate the production of safe and nutritious honey along with its grading, packaging, labeling, transporting, advertising and sale. to promote/form such an organization in the form of a registered Society with participation of the farmers, bee-keeping, honey and other bee-products processing etc. It is therefore, necessary to form a Board with participation of the farmers, bee-keepers, processors and other interested groups in the private sector. After consultation with all the interested groups and taking into consideration all the activities connected with beekeeping, honey and other bee-products processing etc.

The Bill has been designed to achieve the above purpose.

Sd-

MS. NAFEESA INAYATULLAH KHAN KHATTAK,
Member National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

"اسلام آباد مگس بانی وشہد بورڈ بل، ۲۰۲۱ء" پر قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی رپورٹ۔

میں، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق ۲۳ر فروری، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلام آباد مگس بانی وشہد بورڈ بل، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [اسلام آباد مگس بانی وشہد بورڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	راؤ محمد اجمل خان	چیئر مین
۲۔	جناب شوکت علی	رکن
۳۔	رائے محمد مرتضیٰ اقبال	رکن
۴۔	جناب ظہور حسین قریشی	رکن
۵۔	جناب احمد حسین ڈیہڑ	رکن
۶۔	مخدوم زین حسین قریشی	رکن
۷۔	جناب محمد ابراہیم خان	رکن
۸۔	میاں محمد شفیق	رکن
۹۔	سید مبین احمد	رکن
۱۰۔	سردار محمد جعفر خان لغاری	رکن
۱۱۔	سردار ریاض محمود خان مزاری	رکن
۱۲۔	ڈاکٹر نوشین حامد	رکن
۱۳۔	جناب احمد رضا مانیکا	رکن
۱۴۔	چوہدری محمد اشرف	رکن
۱۵۔	چوہدری فقیر احمد	رکن
۱۶۔	جناب ریاض الحق	رکن
۱۷۔	سید جاوید علی شاہ جیلانی	رکن
۱۸۔	سید ایاز علی شاہ شیرازی	رکن
۱۹۔	جناب کمال الدین	رکن
۲۰۔	جناب ذوالفقار بچانی	رکن
۲۱۔	سید فخر امام وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۱۵/مارچ، ۱۲/اپریل، ۷/جون، اور ۱۱/اکتوبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے متفقہ طور پر سفارش کی کہ قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(راؤ محمد اجمل خان)
چیئرمین

اسلام آباد، ۱۹/نومبر، ۲۰۲۱ء

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

شہد کی مکھیوں اور مکھیوں کو پالنے اور شہد کی محفوظ پیداوار کے لئے مناسب ضابطے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ شہد کی مکھیوں اور مکھیوں کے پالنے، شہد کی مکھیوں کی صحت کو کیڑوں اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے اور دارالحکومتی علاقہ اسلام آباد میں شہد کی محفوظ پیداوار کے لئے معیاری تقاضوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے اور اس سے متعلق معاملات کے لئے ایک ضابطہ فراہم کیا جائے؛

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ دارالحکومتی علاقہ اسلام آباد میں مکھیاں پالنے کے عمل کو فروغ دینے اور اس کی نگرانی کے لئے مکھیاں پالنے کا ایک خود مختار ترقیاتی بورڈ تشکیل دیا جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا شہد کی مکھیاں پالنا اور شہد بورڈ ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ دارالحکومتی علاقہ اسلام آباد میں وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات:** ایکٹ ہذا میں جب تک کوئی چیز موضوع یا مواد سے متصادم ہو،۔

(الف) "بورڈ" سے مراد اسلام آباد بورڈ برائے شہد اور شہد کی مکھیاں پالنا۔

(ب) "انتظامی کمیٹی" سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت بنائے گئے قوانین کے تحت تشکیل کردہ بورڈ کی انتظامی کمیٹی ہے۔

(ج) "رکن" سے مراد بورڈ کا رکن ہے۔

(د) "چیئرمین" سے مراد بورڈ کا چیئرمین ہے۔

(ہ) "وائس چیئرمین" سے مراد بورڈ کا وائس چیئرمین ہے۔

(و) "ایگزیکٹو ڈائریکٹر" سے مراد بورڈ کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور اس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے فرائض کی انجام دہی کے لئے مقرر اور مجاز کوئی بھی فرد شامل ہے۔

(ز) "رکن "سیکرٹری سے مراد مینجنگ کمیٹی اور بورڈ کا رکن سیکرٹری ہے۔

(ح) "سال" سے مراد مالی سال یعنی جولائی تا جون ہے۔

(ط) "بانی رکن" سے تاحیات اراکین مراد ہیں جو بورڈ کی ایسوسی ایشن کی یادداشت کے دستخط کنندگان ہیں۔ بانی اراکین کارپوریٹ ادارہ یا سوسائٹی یا افراد کی ایسوسی ایشن، شراکت داری فرم یا فرد ہو سکتے ہیں۔

(ی) "ضمنی قوانین" سے کوئی ضمنی قوانین مراد ہیں جو قواعد کے تحت اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے مینجنگ کمیٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً وضع کئے جائیں۔

(ک) "این اے آر سی" سے مراد قومی زرعی تحقیقاتی کونسل ہے۔

(ل) "آئی سی ٹی" سے مراد علاقہ دارالحکومت اسلام آباد ہے۔

۳۔ **بورڈ اور اس کی کمیٹیاں:** بورڈ کی ایک مینجنگ کمیٹی ہوگی اور ایسی دیگر کمیٹیاں یا ذیلی کمیٹی (کمیٹیاں) جیسا کہ بورڈ کی مینجنگ کمیٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً فیصلہ کیا جائے۔

۴۔ **بورڈ کی رکنیت:** (۱) بورڈ حسب ذیل پر مشتمل ہوگا۔

(الف) سیکرٹری، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، بورڈ کا چیئرمین بلحاظ عہدہ ہوگا؛

(ب) ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق بورڈ کا وائس چیئرمین بلحاظ عہدہ ہوگا۔

(ج) افسر جو این اے آر سی میں جوائنٹ سیکرٹری کے عہدے سے کم نہ ہوگا، بورڈ کا رکن سیکرٹری بلحاظ عہدہ ہوگا؛

(د) جملہ اراکین جو حسب ذیل کیٹگریزی میں تاحیات اراکین رجسٹر کئے جائیں گے:

(i) بانی اراکین؛
(ii) کارپوریٹ اراکین؛
(iii) مگس بانی اور مگس سوسائٹیاں؛
(iv) انفرادی طور پر مگس بان؛
(v) مگس بانی سائنسدان اور ترقیاتی کارکنان؛
(vi) مگس بانی کے سازوسامان کے تیار کنندگان، شہد کی مصنوعات کے تھوک فروش/ تاجران اور انہیں پیک کرنے والے؛
(vii) کسی متعلقہ شعبے یعنی مگس بانی، مالیاتی یا قانونی ماہرین سے اعزازی ارکان۔

(۲) بورڈ کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر جسے عہدے کی ذمہ داریاں نبھانے کے لئے مقرر اور مجاز ٹھہرایا جائے گا۔

(۳) بانی رکن اور کارپوریٹ رکن مقررہ نرخوں پر چندے کی رقم ادا کریں گے جیسا کہ مینیجنگ کمیٹی مقرر کرے۔

(۴) دیگر کیٹگریوں کے ارکان سالانہ چندے کی رقم ادا کریں گے جیسا کہ بورڈ کی مینیجنگ کمیٹی کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کی جائے۔

(۵) چندے کی رقم مالی سال کے اختتام سے قبل ارکان کی مختلف کیٹگریوں کے ذریعے قابل ادائیگی ہوگی۔ سارے سال کے لئے چندے کی رقم اس صورت میں واجب الوصول ہوگی اگر رکن مالی سال کے پہلے نصف میں رکنیت حاصل کرے۔ تاہم، سالانہ چندے کی رقم تب واجب الوصول ہوگی اگر رکن مالی سال کے دوسرے نصف حصے میں رکنیت حاصل کرے۔

(۶) اعزازی ارکان کو چندے کی رقم کی ادائیگی سے استثناء حاصل ہوگا۔

(۷) حسب ذیل صورتحال پیش آنے پر کسی رکن کی رکنیت ختم ہو جائے گی:۔

(الف) اپنی رکنیت سے مستعفی ہونے والا رکن جب مینجنگ کمیٹی اس کا استعفیٰ منظور کرے۔

(ب) رکن دو مسلسل سالوں کے لئے سالانہ چندے کی رقم ادا کرنے میں ناکام رہے۔

(ج) اگر عمومی ادارے میں، بورڈ کی دو تہائی اکثریت یہ رائے دے کہ رکن کی رکنیت کا تسلسل بورڈ کے مفادات کے برخلاف ہے۔

(د) وفات، معذوری، ناداری یا اس پر اخلاقی گراوٹ کا کوئی جرم ثابت ہو جائے۔

۵۔ <u>**بورڈ کے کارہائے منصبی:**</u> (ا) بورڈ حسب ذیل کارہائے منصبی انجام دے گا:۔

(i) آئی سی ٹی میں مگس بانی، شہد اور شہد کی دیگر مصنوعات کی صنعت کو منتظم اور انہیں فروغ دینا؛

(ii) شہد اور دیگر متعلقہ مصنوعات کی ملکی اور برآمدی منڈی کو فروغ دینا اور ان کا انضباط؛

(iii) شہد کی مکھیاں پالنے والوں سے متعلقہ مسائل کے بارے میں سرکاری اداروں کو مشورہ دینے کی بابت ان سے قریبی رابطہ برقرار رکھنا۔

(iv) اپنے مقاصد کو فروغ دینے اور مناسب تربیت کا اہتمام کرنے کے لئے حکومتی تعاون حاصل کرنا۔

(v) شہد کی مکھیوں سے حاصل ہونے والی مصنوعات کی تجارت اور مکھیاں پالنے کو فروغ دینے سے متعلق امور پر حکومت، کسانوں اور صنعت کو مشورہ دینا۔

(vi) شہد کی مکھیاں پالنے والوں (موجودہ اور نئے) کو مگس خانے تیار کرنے میں معاونت فراہم کرنا، جس کے لئے مختلف سرکاری/نیم سرکاری اور نجی اداروں سے سبسڈی، گرانٹس اور آسان قرضے وغیرہ لے کر دیے جائیں گے۔

(vii) شہد اور دیگر مصنوعات کی تیاری اور ان کی پیداوار میں اضافے کے لئے شہد کی مکھیاں پالنے کو فروغ دینے کی بابت پروگراموں اور منصوبوں کا آغاز کرنا۔

(viii) منصوبے کے تحت زرگیری کے ذریعے فصلوں کی پیداوار بڑھانے کی بابت کوششوں میں اضافہ کرنا۔

(ix) فصل کی پیداوار بڑھانے کے لئے شہد کی مکھیوں کے بطور زیرگی کنندہ کردار کو فروغ دینا۔

(x) شہد کی مکھیاں پالنے والوں میں مشترکہ اور اجتماعی کوششوں کے رجحان کو فروغ دینا۔

(xi) شہد کی مکھیاں پالنے والوں کی مشاورت سے ان کے لئے امدادی اسکیموں کی منصوبہ بندی کے ذریعے انہیں معاوضہ جات کی ادائیگی کو فروغ دینا۔

(xii) عمومی و خصوصی تربیت فراہم کرنے کے لئے تربیتی و تحقیقی اداروں کا قیام و اہتمام۔

(xiii) شہد کی مکھیوں سے حاصل ہونے والی مصنوعات کی پروسیسنگ، معیار اور درجہ بندی وپیکجنگ کے طریقہ کار میں بہتری سمیت شہد کی مکھیاں پالنے اور ان کی مصنوعات سے متعلق ٹیکنالوجی میں سائنسی، تکنیکی اور اقتصادی تحقیق کا انعقاد، معاونت اور حوصلہ افزائی کرنا۔

(xiv) شہد کی مکھیوں سے حاصل ہونے والی مصنوعات کے استعمال میں اضافے کی حوصلہ افزائی کرنا اور اس مقصد کے لئے عمومی تشہیر جاری رکھنا۔

(xv) غیر مستقل مگس خانوں کے لئے سہولیات سے متعلق مدد/رہنمائی فراہم کرنا۔

(xvi) شہید کی مکھیاں پالنے اور ان کی مصنوعات سے متعلق اعداد و شمار اکٹھے کرنا اور بطور معلوماتی مرکز ان کو شائع کرنا۔

(xvii) صفائی ستھرائی اور نباتاتی صحت کے بین الاقوامی معیارات بر قرار رکھنے کے لئے شہد کی مکھیاں پالنے والوں کو تربیت فراہم کرنا، برآمد اور مقامی مارکیٹ کے لئے شہد کی مکھیوں سے حاصل ہونے والی مصنوعات کے معیار سے متعلق ہدایات فراہم کرنا، اور مجوزہ شرائط کے تحت سرٹیفکیٹ/لائسنس جاری کرنا۔

(xviii) شہد اور مکھیوں سے حاصل ہونے والی دیگر مصنوعات کی تجارت کو ترقی دینا، فروغ دینا اور منضبط بنانا۔

(xix) اپنے تشکیلی اراکین کی تجارت کے فروغ کی سرگرمیوں میں معاونت کرنا اور مقرر کردہ سرٹیفکیٹ اور لائسنس کی منظوری دینا۔

(xx) آئی سی ٹی اور بیرون ملک مناسب ٹرانسپورٹ، گودام/ذخیرہ کرنے کی سہولیات کے قیام میں مدد کرنا۔

(xxi) معائنہ اور ٹیسٹنگ کی جدید لیبارٹریوں میں معاونت کرنا انہیں چلانا۔

(xxii) شہد کی تجارت کے ضوابط کو زیر جائزہ رکھنا اور بورڈ کی جانب سے ایسے ضوابط جن کے بارے میں مناسب خیال کیا جائے، کی بابت حکومت کو سفارش کرنا۔

(xxiii) تاجروں اور تجارتی اداروں کے فائدے کے لئے عمومی خدمات فراہم کرنا اور بطور خود کار نگران ادارہ مکھیوں سے حاصل ہونے والی مصنوعات کی تجارت کے فروغ کے فورم کے طور پر کام کرنا۔

(xxiv) بورڈ کی اغراض کو آگے بڑھانے میں غیر معمولی خدمات سرانجام دینے والے افراد اور اداروں کو اعزازات دینا۔

(xxv) وفاقی حکومت اور دیگر سرکاری و نجی تنظیموں اور افراد سے کارپس فنڈ یا بورڈ کے کسی دیگر فنڈ کے حصہ کے طور پر کوئی خاص رقم اور رقم کی گرانٹ وقف شدہ اور کسی بھی قسم کی جائیداد وصول کرنا۔

(xxvi) تحفہ، خریداری، تبادلہ، پٹے پر، مستعار لینے یا دیگر کسی بھی ذریعہ سے کوئی جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ جو بورڈ کی غرض کے لئے ضروری یا سہل ہو، حاصل کرنا اور ایسی عمارتیں، کام اور تعمیرات جو بورڈ کی اغراض کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ضروری ہوں، کو گرانے کے بعد ترقی دینا، تعمیر کرنا اور بہتر بنانا اور ان کی مرمت کرنا۔

(xxvii) بورڈ کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد کے تمام یا کسی پورشن کو فروخت کرنا، پٹے پر دینا اور مستعار دینا یا بصورت دیگر ٹرانسفر کرنا اور بورڈ کی اغراض کو آگے بڑھانے میں قرضے، گرانٹس اور عطیات دینا۔

(xxviii) بورڈ کی کسی رقم اور سیکیورٹیز جو کہ اس کی کسی سرگرمی کے لئے فوری طور پر درکار نہ ہو، کی اس انداز میں سرمایہ کاری کرنا اور ان کا معاملہ کرنا جیسا کہ وقتاً فوقتاً بورڈ کے قواعد وضوابط میں صراحت کی جائے۔

(xxix) ریزرو فنڈ، انشورنس فنڈ، پراویڈنٹ فنڈ یا کوئی دیگر مخصوص فنڈ تخلیق کرنا، آیا فرسودگی کے لئے یا مرمت، املاک یا بورڈ کے حقوق میں سے کسی کی توسیع کرنا یا برقرار رکھنا اور ریا ضائع ہونے والے اثاثہ جات کی بازیافت اور ریا ملازمین کے فوائد نیز کسی دیگر مقصد کے لئے جس کے لئے بورڈ فنڈ یا فنڈز میں سے کسی کی تخلیق کرنا یا برقرار رکھنا مناسب خیال کرتا ہے۔

(xxx) ضمانت یا ضمانت کے بغیر یا رہن کی ضمانت پر یا بورڈ سے متعلق منقولہ یا غیر منقولہ املاک تمام یا اس میں سے کسی ایک کو بطور ضمانت رکھنے پر قرض لینا یا آمدنی پیدا کرنا۔

(xxxi) بورڈ کے تحت انتظامی، ٹیکنیکل، کلیریکل اور دیگر اسامیاں تخلیق کرنا اور بورڈ کے قواعد اور ضوابط کے مطابق تقرریاں کرنا۔

(xxxii) اراکین کی مختلف کلاسز کے لئے قانون وضع کرنا اور اپنی متعلقہ ذمہ داریاں، حقوق اور استحقاقات کو وضع کرنا۔

(xxxiii) بورڈ کے معاملات چلانے کے لئے قواعد وضوابط اور ضمنی قوانین وضع کرنا نیز ان قوانین کو یا ان میں سے کسی قانون کا وقتاً فوقتاً اضافہ کرنا، ترمیم کرنا، تبدیلی کرنا یا منسوخ کرنا۔

(xxxiv) ایسے تمام افعال اور امور انفرادی طور پر یا دیگر تناظیم یا افراد کے ساتھ شرکت میں سرانجام دینا جو کہ بورڈ درج بالا مقاصد کے حصول کے لئے ضروری، واقعاتی یا منتقل کنندہ خیال کرے۔

(xxxv) آئی سی ٹی میں مگس بانی کے امور کو فروغ دینے کے لئے مقامی اور دیہی انڈسٹریز ر سوسائٹیز کے ساتھ قریبی تعاون اور روابط رکھنے کے لئے کام کرنا۔

(xxxvi) آئی سی ٹی میں مگس بانی کے امور کی ترقی دینے کے لئے معاون اور دیگر طبقاتی قسم پر مبنی تناظیم کو فروغ دینا اور معاونت کرنا۔

(xxxvii) جدید تحقیقاتی، انسپکشن، ٹیسٹنگ اور کوالٹی کنٹرول لیبارٹریز کی معاونت کرنا ر چلانا۔

(xxxviii) ہر ایک مگس بانی کے خطوں میں مگس کی مناسب انواع کی پہنچان۔

(xxxix) شہد کی مکھیوں کو ترقی دینے کے لئے کالونی پروڈیوسرز کی پہچان اور رجسٹریشن اور انہیں تربیت دینا۔

(xl) شہد کی مکھیوں کے پرورش کنندہ اور شہد کی مکھیوں کے پرورش کنندہ تناظیم کی رجسٹریشن۔

(xli) آئی سی ٹی میں شہد کی مکھیوں کی صنعت کی ترقی کے لئے وفاقی حکومت، بین الاقوامی اداروں، نجی شعبہ اور دیگر ایجنسیز ر تناظیم کی جانب سے عملدرآمد کے لئے سالانہ ایکشن پلان ر اسکیمز ر پراجیکٹس کا جائزہ لینے کے لئے بطور جائزہ ایجنسی کے کام کرنا۔ عملدرآمد کرنے والے اداروں ر وفاقی حکومت کو مناسب نگرانی اور استعمال کے لئے فنڈ بورڈ کے ذریعے فراہم کئے جائیں گے۔

(xlii) کوئی ایسا قاعدہ وضع کرنا جو آئی ٹی سی میں مگس بانی کی سرگرمیوں کے لئے درکار ہے۔

(۲) بورڈ کی آمدن اور املاک جس طرح حاصل اس کا اطلاق اس کے اغراض و مقاصد کی ترویج پر ہو گا نیز اس کا کوئی حصہ منافع منقسمہ، بونس یا سوسائٹی کے اراکین کو بلاواسطہ یا بالواسطہ ادا یا منتقل نہیں کیا جائے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس نیک نیتی کی بنیاد پر اعزازیے یا بورڈ کے کسی رکن یا دیگر افراد کو ان کی کسی خدمت کے عوض سفری الاؤنس، قیام الاؤنس اور دیگر ایسے ہی اخراجات کی ادائیگی مانع نہیں ہو گی۔ سوسائٹی کا کوئی رکن اپنی رکنیت کے ذریعے کسی بھی منقولہ یا غیر منقولہ جائیدادوں پر یا کوئی منافع کمانے کا ذاتی دعویٰ نہیں کرے گا۔

۶۔ **انتظامیہ کمیٹی:** (۱) انتظامیہ کمیٹی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے علاوہ بلحاظ عہدہ انتظامی کمیٹی کا رکن ہو گا جو حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہو گی:۔

(i) وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کا ایڈیشنل سیکرٹری جو بلحاظ عہدہ انتظامیہ کمیٹی اور بورڈ کا وائس چیئرمین ہو گا۔

(ii) قومی زرعی تحقیقاتی کونسل سے ایک افسر جو کہ گریڈ ۲۰ سے کم کے عہدہ کا حامل نہ ہو گا۔

(iii) سرکاری شعبہ کی جامعات کے شعبہ جات باغبانی سے ایک نمائندہ جو گریڈ ۲۰ سے کم کا حامل نہ ہو گا۔

(iv) حکومت پبلک سروس کمیشن کے بھرتی کے طریقہ کار کے ذریعے مینجنگ ڈائریکٹر کی تقرری عمل میں لائے گی۔

(v) حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی تقرری پبلک سروس کمیشن کے ذریعے عمل میں لائی جائے گی۔

(vi) حکومت کی جانب سے دو دیگر اراکین نامزد کئے جائیں گے۔

(vii) بورڈ ر سوسائٹی کے رجسٹرڈ اراکین میں سے آٹھ اراکین کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔

(۲) **مینجنگ کمیٹی کے منتخب اراکین:۔**

(الف) دو اراکین۔ فاؤنڈر اور کارپوریٹ اراکین سے۔ اس زمرے میں جہاں دو اراکین کا انتخاب ہونا ہے، اس زمرے کے تحت تمام ووٹرز ایک ووٹ ڈالیں گے اور اس کے مطابق سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے اور دوسرے نمبر پر زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے کو منتخب قرار دیا جائے گا مگر شرط یہ ہے کہ ان میں سے کم از کم ایک فاؤنڈر اراکین میں سے ہو گا۔

(ب) ایک رکن۔ پاکستان میں شہد کی مکھیاں پالنے اور ہنی سوسائٹیوں سے۔

(ج) چار اراکین۔ ملک میں انفرادی طور پر شہد کی مکھیاں پالنے والوں اور سائنسدانوں اور ترقی و فروغ سے منسلک کارکنوں میں سے۔

(د) ایک رکن۔ شہد کی مکھی سے متعلق سازوسامان بنانے والوں اور تھوک فروشوں ر تاجروں ر شہد کی مکھیوں کا سازوسامان پیک کرنے والے میں سے ایک رکن۔

۷۔ **کار منصبی:** مینجنگ کمیٹی حسب ذیل کام سرانجام دے گی:

(i) اراکین کو امور میں شریک کرنا اور وقتاً فوقتاً رکنیت کے ضمن میں عائد ہونے والی ادائیگی کی شرح طے کرنا۔

(ii) بورڈ کے میزانیہ کو منظور کرنا۔

(iii) بورڈ کی عمومی ہیئت کی جانب سے سپرد کردہ ایسے دوسرے انتظامی معاملات کو انجام دینا اور ان پر عملدرآمد کرنا۔

(iv) بورڈ کے پاس شہد کی مکھیاں پالنے والوں، شہد کی مکھیوں کا سازوسامان پیک کرنے والوں، تاجروں، پراسسنگ یونٹ اور برآمد کنندگان کی رجسٹریشن کے لئے قواعد، ضوابط اور طریقہ کار وضع کرنا۔

(v) اپنے تئیں مناسب خیال کردہ شرائط وضوابط پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تقرری کرنا۔

(vi) ایسے دیگر افسران اور ملازمین کی تقرری کرنا، جن کو وہ اس ضمن میں مناسب سمجھے، کہ وہ فرائض کی انجام دہی میں بورڈ ر مینجنگ کمیٹی کی معاونت کریں گے۔

(vii) ایسی دیگر کمیٹی (کمیٹیوں) یا ذیلی کمیٹی (ذیلی کمیٹیاں)، ان کے اراکین بشمول چیئرمین مقرر کرنا تاکہ وہ اس کے کار منصبی سے منسلک خصوصی امور سرانجام دیں۔

(viii) بورڈ کے مقاصد کے فروغ کے لئے پالیسی فیصلے کرنا۔

(ix) بورڈ کے معمول کے کار منصبی کے لئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ر رکن سیکرٹری کو خصوصی اختیارات تفویض کرنا۔

(x) بورڈ کی جانب سے چیک، رسیدیں، ٹھیکے اور دیگر جملہ قانونی اور متعلقہ کاغذات پر دستخط کرنے کے لئے افراد کو اختیار دینا۔

۸۔ <u>مینجنگ کمیٹی کے ارکان کے عہدے کی مدتیں:</u> (۱) مینجنگ کمیٹی کے منتخب ارکان عہدے پر ۳ سال کی مدت کے لئے رہیں گے۔

مگر شرط یہ ہے کہ قاعدہ ۱.۴ کے تحت تقرر کیا جانے والا کوئی رکن مینجنگ کمیٹی کا رکن نہیں رہے گا اگر وہ چھوڑ دیتا ہے:

(الف) عہدے کو جس کی وجہ سے اس کی تقرری رنامزدگی کی گئی تھی؛ یا

(ب) کیٹگری کی نمائندگی کرنے سے جس سے اس کو منتخب ر تقرر ر نامزد کیا گیا۔

(ج) کوئی منتخب شدہ ر تقرر کردہ ر نامزد کردہ رکن کسی اتفاقی اسامی کو پر کرنے کے لئے اس عہدے پر اس وقت تک رہے گا جب تک کہ رکن جس کی جگہ اس نے پر کی ہو کو، اگر اسامی تخلیق نہیں کی جاتی، عہدے پر برقرار رکھنے کا استحقاق حاصل ہوتا۔

(۲) بورڈ کی مینجنگ کمیٹی کا اجلاس ہر سال کم از کم چار مرتبہ ہوگا۔ مینجنگ کمیٹی کے اجلاسوں کی تاریخ، مقام اور وقت چیئرمین یا رکن سیکرٹری چیئرمین یا اس کی غیر موجودگی میں نائب چیئرمین کی منظوری سے مقرر کرے گا۔

(۳) مینجنگ کمیٹی کے اجلاسوں کا کورم ۵ (پانچ) ارکان کی بذات خود موجودگی ہوگی۔

(۴) مینجنگ کمیٹی کے ارکان بغیر معاوضے کے خدمات سرانجام دیں گے لیکن مینجنگ کمیٹی کے ارکان ہونے کی حیثیت سے اپنے فرائض ادا کرنے میں ان کی جانب سے کئے جانے والے اور معقول اخراجات کی بازادائیگی کی جاسکتی ہے جیسا کہ بورڈ ان کی منظوری دے۔ عام طور پر تمام سفری، بورڈنگ و قیام اور دیگر اخراجات جو مینجنگ کمیٹی کے اجلاسوں یا دیگر اجلاسوں میں شرکت کرنے کے لئے ہوتے ہیں، متعلقہ تنظیمیں/افراد کے علاوہ اعزازی ارکان اور/یا ماہرین خصوصی طور پر مینجنگ کمیٹی یا کسی اور کمیٹی (کمیٹیوں) یا ذیلی کمیٹی (کمیٹیوں) کے ذریعے خصوصی طور پر دعوت دے کر بلائے جاتے ہیں، برداشت کر سکتے ہیں۔

۹۔ **جنرل باڈی:** مختلف کیٹگریز کے جملہ ارکان جن کو بورڈ کی رکنیت کے طور پر تسلیم کیا گیا ہو اور بطور رکن نااہل نہ کیا گیا ہو بورڈ کی جنرل باڈی کے ارکان ہوں گے۔

۱۰۔ **ادارے کے کارہائے منصبی:** جنرل باڈی کا اجلاس ہر تقویمی سال میں کم از کم ایک مرتبہ اس وقت منعقد ہو گا کہ گزشتہ سالانہ جنرل میٹنگ کے انعقاد کے بعد اٹھارہ ماہ سے زائد کی مدت کا وقفہ نہ ہو۔

۱۱۔ **چیئرمین:** سیکرٹری، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق بورڈ کا چیئرمین بلحاظ عہدہ ہو گا۔ چیئرمین بورڈ کے اجلاس کی صدارت کرنے کے علاوہ بورڈ کے ایسے اختیارات اور فرائض منصبی بروئے کار لانے کے امور سرانجام دے گا جو اسے بورڈ کی طرف سے تفویض کئے گئے ہوں اور ایسے دیگر اختیارات اور فرائض منصبی مقرر کئے گئے ہوں۔

۱۲۔ **نائب چیئرمین:** (۱) ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق بورڈ کا نائب چیئرمین بلحاظ عہدہ ہو گا۔

(۲) چیئرمین کی عدم موجودگی میں نائب چیئرمین بورڈ کے اجلاسوں کی صدارت کرے گا اور بورڈ کے وہ اختیارات اور فرائض منصبی بروئے کار لائے گا اور سرانجام دے گا جو اسے بورڈ یا بورڈ کے چیئرمین کی طرف سے تفویض کئے گئے ہوں۔

۱۳۔ **مالیاتی، حساباتی اور سالانہ رپورٹیں۔ فنڈز:** (۱) بورڈ کے حسب ذیل مالیاتی ذرائع ہوں گے:

(i) اجتماعی فنڈ جو وفاقی حکومتوں یا آئی سی ٹی کے بلدیاتی اداروں کی جانب سے موصول ہونے والے چندوں/عطیات/وقف رقوم سے تشکیل پائے گا۔

(ii) رکنیت کی فیس۔

(iii) مگس بانوں/پیکنگ کرنے والوں/کاروباری حضرات کی رجسٹریشن کے لئے فیس۔

(iv) مگس بانوں/پیکنگ کرنے والوں/کاروباری حضرات کو دیئے گئے سرٹیفکیٹس کے ضمن میں عائد کردہ اور اکٹھا کردہ فیس۔

(v) بورڈ کی لیبارٹریوں میں شہد کے معیار کی جانچ پڑتال کے لئے فیس۔

(vi) کسی "محصول" کی شکل میں اکٹھا ہونے والی کوئی رقم، جس کے متعلق وفاقی حکومت پر اعلان کرے گی کہ اسے "قومی مگس بورڈ" کی غرض کے لئے عائد اور اکٹھا کیا جائے گا۔

(vii) بورڈ کی اغراض و وجوہ کو آگے بڑھانے کے لئے فنڈز کا کوئی دیگر ذریعہ۔

(۲) بورڈ کے تمام تر فنڈز ماسوائے ان کے جو رواں اخراجات کے لئے درکار ہوں گے، انتظامی کمیٹی کی جانب سے منظور کردہ جدولی بینکوں میں کھولے گئے کھاتہ جات میں جمع کرائے جائیں گے۔

(۳) سوسائٹی کا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایکٹ ہذا کے تحت بورڈ پر قابل اطلاق مقررہ قواعد و ضوابط اور بورڈ اور انتظامی کمیٹی کے فیصلوں کے مطابق بورڈ کے حسابات اور فنڈز کی کتب کو برقرار رکھا جائے گا۔

(۴) ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہر سال کے آخر میں بورڈ کے کھاتہ جات تیار کرے گا اور بورڈ کے متعین کردہ آڈیٹرز کی جانب سے ان کے آڈٹ کا اہتمام کرے گا۔

۱۴۔ **بورڈ کے ضمنی قوانین اور ضوابط کی تشکیل:** مینجنگ کمیٹی بورڈ کے معاملات خصوصاً مذکورہ بالا قواعد کے دائرہ اختیار میں نہ آنے والے معاملات کے ضوابط کے لئے ضمنی قوانین وضع کرنے کے اختیار کی حامل ہوگی۔

۱۵۔ **جنرل باڈی اجلاس:** (۱) بورڈ کے جنرل باڈی کا ہر سال اجلاس منعقد ہوگا اور یہ سالانہ جنرل میٹنگ سے موسوم ہوگا۔

(۲) جنرل باڈی کے اجلاس میں حسب ذیل اہم امور سرانجام دیئے جائیں گے:۔

(الف) سالانہ رپورٹ اور کھاتہ جات کے گوشواروں پر غور کرنا اور منظوری دینا۔

(ب) مینجنگ کمیٹی کے انتخابی اراکین کو منتخب کرنا۔

(ج) آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا معاوضہ مقرر کرنا۔

(د) آئندہ مالی سال کے لئے بجٹ کے تخمینہ جات پر غور کرنا اور ان کی منظوری دینا۔

(ہ) صدر نشین کی اجازت سے کوئی دیگر امور۔

(۳) معزز اراکین سالانہ/غیر معمولی خصوصی جنرل میٹنگز میں شرکت کر سکتے ہیں۔

(۴) جنرل باڈی کثرت رائے دہی سے تمام امور سرانجام دے گی اگر ضرورت پڑے تو چیئرمین کا ووٹ فیصلہ کن ووٹ ہوگا۔

۱۶۔ **مشترکہ سربمہر:** مینجنگ کمیٹی بورڈ کی مشترکہ سربمہر فراہم کرے گی جو ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تحویل میں رہے گی اور ماسوائے چیئرمین یا وائس چیئرمین یا رکن سیکرٹری کی موجودگی میں یا مینجنگ کمیٹی کی قرارداد کی تعمیل میں کسی دستاویز پر ثبت نہیں کی جائے گی۔

۱۷۔ **معاہدات پر عملدرآمد:** مشتر کہ سر بمہر کے تحت بورڈ کی جانب سے کئے گئے اور چیئرمین یا وائس چیئرمین یا رکن سیکرٹری یا ایگزیکٹو ڈائریکٹر یا نیجنگ کمیٹی کی جانب سے مجاز دیگر فرد کی جانب سے دستخط کردہ تمام معاہدات، بانڈز اور دیگر دستاویزات اور ٹھیکہ جات موزوں عملدرآمد کردہ متصور ہوں گے۔

۱۸۔ **اراکین کی ذمہ داری:** نیجنگ کمیٹی کا کوئی رکن یا افسر یا بورڈ کی جانب سے متعین کردہ آڈیٹر اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو سرانجام دینے کے دوران ہونے والے کسی نقصان کے لئے ذاتی طور پر جوابدہ یا ذمہ دار نہیں ہوگا اور وہ ہرجانہ سے بری الذمہ ہوگا یہاں تک مذکورہ نقصان جان بوجھ کر غفلت یا کوتاہی یا اس پر اعتماد کے خاتمے کی وجہ سے ہوا ہو۔

۱۹۔ **ترامیم:** بورڈ کثرت رائے دہی کے ذریعے ایکٹ ہذا کی کسی تصریح یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد میں کسی قسم کی ترمیم کرے گا۔

بیان اغراض ووجوہ

شہد کی پیداوار پاکستان میں نہایت فائدہ مند کاروبار ہے۔ شہد کی پیداوار اور شہد کی مکھیاں پالنا ماحول دوستانہ عمل ہیں۔ یہ غیر منظم کاروباری سرگرمیاں معیشت میں بڑے پیمانے پر حصہ ڈالنے کی استعداد رکھتی ہیں۔ شہد کی مکھیوں کے پالنے سے اضافی فوائد مکھیوں کی سرگرمیوں کی مکمل طور پر حیاتیاتی نوعیت سے وابستہ ہیں جیسا کہ پودوں میں جرگن اور قدرتی لوراکا تحفظ، شہد کی مکھیوں کی صنعت کی توسیع کے ساتھ متعدد افراد اپنے روزگار کے لیے مکھیوں کو کمرشل پیمانے پر پال کر روزگار حاصل کر رہے ہیں۔ شہد کے علاوہ چھتے کی دیگر مصنوعات مغزیانی رشہد کی مکھیوں کو پالنے کی آمدن میں اضافہ کر سکتی ہیں کیونکہ ان مصنوعات کی پروسیسنگ سے نسبتاً زیادہ ہے جیسا کہ رائل جیلی 30,000روپے فی کلو، پولن -/2000روپے ٹی کلو، پروپولس -/1000روپے، فی کلو اور موم 11,00روپے فی کلو بین الاقوامی مارکیٹ میں فروخت ہوتی ہے پاکستان میں شہد کی مکھیوں کی چار اقسام پائی جاتی ہیں۔ جس میں سے تین مقامی ر دیسی اور ایک درآمد کردہ اور پاکستان میں تشکیل کردہ ہے مقامی نوع میں اپیسڈورسٹا، اپیس سیرانا اور اپیس فلوریاہیں۔ غیر ملکی قسم میں اپیس میلیفیرا ہے۔

کھانے کے سخت حفاظتی معیارات کے باعث پاکستانی شہد کا معیار ابھی یورپی مارکیٹوں میں برآمد کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے، بہت سی آزاد تنظیمیں برآمد کرنے کے لیے اپنے معیار (ایچ اے سی سی پی، آئی ایس او وغیرہ مصدقہ) کو بہتر بنانے کے لیے کام کر رہی ہیں جن کے غذائی تحفظ قواعد بہت سخت ہیں لیکن پاکستان ان معیارات سے بہت پیچھے ہے۔ پاکستانی برآمد کنندگان زیادہ تر وسطی ایشیاء مارکیٹ پر انحصار کرتے ہیں جس کا حصہ بہت کم ہے۔

ہمارے ملک کے صوبوں میں دیگر علاقوں کے علاوہ جو شہد کی پیداوار کے لئے بہت زیادہ امکانات کے حامل سمجھے جاتے ہیں اسلام آباد کو بھی مارگلہ کی پہاڑیوں پر اکاسیا (پھولی)، گرانڈا، بھیکر وغیرہ شہد کی مکھیوں کی کالونیوں کے لئے جگہ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ کاشتکاروں، شہد کی مکھیاں پالنے والوں، شہد اور شہد کی دیگر مصنوعات کی پراسیسنگ وغیرہ کی شراکت داری سے رجسٹرڈ سوسائٹی کی شکل میں مذکورہ ادارہ کو فروغ دینے کے لئے گریڈنگ پیکجنگ، لیبلنگ، نقل وحمل، ایڈورٹائزنگ اور فروخت کے ساتھ محفوظ اور غذائیت سے بھرپور شہد کی پیداوار کو منضبط بنانے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ نجی شعبہ میں کاشتکاروں، شہد کی مکھایاں پالنے والوں، پروسیسرز اور دلچسپی کے حامل دیگر گروہوں کی شراکت داری سے بورڈ تشکیل دینے کی ضرورت ہے۔ دلچسپی کے حامل تمام گروہوں سے مشاورت کے بعد شہد کی مکھیاں پالنے، شہد اور شہد کی دیگر مصنوعات کی پراسیسنگ وغیرہ سے منسلک تمام سرگرمیوں پر غور کرنا۔

بل حسب ذیل مقاصد کے حصول کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

دستخط/۔

محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک

رکن، قومی اسمبلی